(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَۃُ مِنْ بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَۃِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ۔ لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... =/200 روپے

معصوم امامؑ بھی پیغمبر کے بعد خدا کی حجت ہیں۔ رسولؐ خدا کے جانشین ہیں اور ان کی امامت و پیشوائی اور راہنمائی ہر طرف ہے۔ امامؑ بھی لوگوں کے رہنما ہیں جہاں بھی ان کے درمیان کوئی جھگڑا یا اختلاف پیدا ہو، وہ فیصلہ کرنے والے ہیں، اور وہی لوگوں کے حقوق کے محافظ ہیں۔ (کامل الزیارات:۳۰۱ ص حدیث ۲، بحار الانوار:۲۵/۳۷۵ حدیث ۲۳، تفسیر برہان:۳/۲۵۱ حدیث ۲)

ولایت علیؑ کے بغیر کوئی عمل قابل قبول نہیں

(۱۲/۳۸۲) شیخ مفید کتاب اختصاص میں مفضل سے نقل کرتے ہیں کہ امام صادقؑ نے فرمایا:

بے شک خدا اپنی بادشاہی میں یکتا و تنہا ہے۔ پس اس نے اپنے بندوں کو اپنی معرفت کروائی، پھر اپنے امر کو ان کے سپرد کر دیا اور بہشت کو ان کے لئے جائز کر دیا، پس آدمیوں اور جنوں میں سے جس کے دل کو بھی خدا پاک کرنا چاہتا ہے اسے ہماری ولایت سے آشنا کر دیتا ہے اور جس کے دل کو خراب کرنا چاہتا ہے اسے ہماری معرفت سے دور رکھتا ہے۔ پھر فرمایا:

یا مفضل واللہ ما استوجب آدم ان یخلقه اللہ بیده وینفخ فیه من روحه الا بولایة علیؑ وما کلم اللہ موسیٰ تکلیماً الا بولایة علیؑ ولا اقام اللہ عیسیٰ بن مریم آیة للعالمین الا بالخضوع لعلی

"اے مفضل! آدمؑ اس لائق نہ ہوا کہ خدا اسے اپنے ہاتھ سے پیدا کرے اور اس میں اپنی روح پھونکے مگر علیؑ کی ولایت کے ساتھ اور موسیٰؑ کے ساتھ خدا نے کلام نہیں کی مگر علیؑ کی ولایت کے ساتھ اور خدا نے عیسیٰ بن مریمؑ کو عالمین کے لئے نشانی نہیں بنایا مگر علیؑ کے لیے خضوع کی وجہ سے"

پھر فرمایا:

اجمل الامر ما استاھل خلق من اللہ النظر الیه الا بالعبودیة لنا

"کوئی بھی ہماری بندگی کے بغیر اس لائق نہیں ہوا کہ خدا کی نظر رحمت اس کی طرف ہو" (الاختصاص:۲۳۳، بحار الانوار:۲۶/۲۹۴ حدیث ۵۶)